کانسٹیبل صابرحسین اور کانسٹیبل محمد شہزاد کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔

کراچی03اگست2022ء۔

پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ کی کوت کے باہر دستی بم کے اچانک دھماکے میں شہید ہونیوالے پولیس اہلکاروں 45 سالہ صابرحسین اور 40 سالہ محمد شہزاد کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ میں ادا کردی گئی۔

نماز جنازہ میں صوبائی وزیر سعید غنی،آئی جی سندھ غلام نبی میمن ایڈیشنل آئی جی کراچی،ڈی آئی جیز ساؤتھ، ویسٹ، ٹریفک کراچی ضلعی ایس ایس پیز کے علاوہ رینجرز سندھ کے افسران واہلکاروں دیگر سینئر پولیس افسران اور شہید اہلکار کے ورثاء، دوست احباب واہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

نمازجنازہ کی ادائیگی کے بعد پولیس کے چاک و چوبند دستے نے شہید سلام پیش کیا اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔

آئی جی سندھ نے جنازے میں شریک شہید اہلکاروں کے ورثاء سے تعزیت کی اور سندھ پولیس کی جانب سے انھیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-